http://e.tashakurnews.com info@tashakurnews.com
facebook.com/tashakurnews twitter.com/RTashakur

اشاعت کے سلسلے کے 22 سال ABC Certified باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

کراچی، حیدرآباد، لاہور اور اسلام آباد میں بیک وقت پڑھا جانے والا روزنامہ

ہم ظلم مٹانے نکلے ہیں ⊙ آؤ ہمارے ساتھ چلو ⊙ ہم ارض وطن کے رکھوالے ہیں ⊙ آؤ ہمارے ساتھ چلو

REG # 12(2411)/22

روزنامہ تشکر کراچی نیوز

چیف ایڈیٹر عبدالمنصور علی

جلد : 23 | 21 ربیع الثانی 1446ھ بدھ 15 اکتوبر 2025ء (قیمت 15 روپے) | شمارہ : 172

فلسطینی عوام کی آزادی، عزت نفس اور خوشحالی پاکستان کیلئے بنیادی حیثیت رکھتی ہے

ہم امن کیلئے صدر ٹرمپ کے منفرد کردار کی تعریف کرتے رہیں گے، وزیراعظم

پاکستان کی سب سے بڑی ترجیح غزہ پر مسلط نسل کشی کے فوری خاتمے کی تھی، دیگر برادر اسلامی ممالک کے ساتھ اس موقف کو دوٹوک انداز میں پیش کیا، شہباز شریف

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیراعظم پاکستان محمد شہباز شریف نے غزہ امن سربراہی اجلاس میں شرکت کے بعد وطن واپسی کے موقع پر ایک اہم پیغام جاری کیا ہے، جس میں انہوں نے مشرق وسطیٰ میں قیام امن کے لیے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے کردار کو مثبت قرار دیتے ہوئے ان کا شکریہ ادا کیا ہے۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے سماجی رابطہ کی ویب سائٹ ایکس (سابقہ ٹویٹر) پر پیغام دیتے ہوئیکہ ہم امن کے لیے صدر ٹرمپ کے منفرد کردار کی تعریف کا اظہار (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 1)

حکومت کا ٹی ایل پی واقعے پر جعلی خبروں کیخلاف بڑا ایکشن

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی حکومت نے تحریک لبیک پاکستان (ٹی ایل پی) واقعے پر جعلی خبروں کے خلاف بڑا (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 3)

بھارتی میڈیا پاکستان دشمنی میں پھر جھوٹی خبروں کا پرچار کرنے لگا

ریاستی دہشتگردی میں ملوث بھارت کا افغان طالبان کے ساتھ گٹھ جوڑ بے نقاب

نئی دہلی (مانیٹرنگ ڈیسک) ریاستی دہشتگردی میں ملوث بھارت کا افغان طالبان کے ساتھ گٹھ جوڑ بے نقاب ہوگیا، مودی سرکار پاکستان میں عدم استحکام پیدا کرنے کے لیے منافقت کی کسی حد تک بھی جاسکتی ہے۔ ایک طرف بھارت اقوام متحدہ میں متعدد بار افغانستان کی سرزمین کو دہشتگردی کے لیے استعمال ہونے کے الزامات عائد کرتا رہا ہے، جبکہ دوسری طرف بھارت نے ریاستی دہشت گردی کی سرپرستی کے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 2)

کرم میں پاک فوج کا افغان جارحیت منہ توڑ جواب

ٹینک اور پوسٹیں تباہ

خیبر پختونخوا کے ضلع کرم میں افغان طالبان اور فتنہ الخوارج نے ایک بار پھر بلا اشتعال فائرنگ کی، جس پر پاک فوج نے بھرپور اور مؤثر جوابی کارروائی کی، پاک فوج کی جوابی فائرنگ سے طالبان کی متعدد پوسٹوں کو شدید نقصان پہنچا، جبکہ کئی مقامات پر آگ بھڑک اٹھی، سیکورٹی ذرائع

کرم (مانیٹرنگ ڈیسک) خیبر پختونخوا کے ضلع کرم میں افغان طالبان اور فتنہ الخوارج نے ایک بار پھر بلا اشتعال فائرنگ کی، جس پر پاک فوج نے بھرپور اور مؤثر جوابی کارروائی کی۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق پاک فوج کی جوابی فائرنگ سے طالبان کی متعدد پوسٹوں کو شدید نقصان پہنچا، جبکہ کئی مقامات پر آگ بھڑک اٹھی۔ اشتعال فائرنگ کا بلا اشتعال فائرنگ پر پاک فوج کا بھرپور اور مؤثر جوابی کارروائی کے دوران افغان طالبان کا ایک ٹینک بھی تباہ ہوگیا، جس کے بعد حملہ آور اپنی پوسٹیں چھوڑ کر فرار ہوگئے۔ خیبر پختونخوا کے ضلع کرم میں افغان طالبان اور فتنہ الخوارج نے ایک بار پھر بلا اشتعال فائرنگ کی ہے جس کا پاک فوج نے بھرپور اور شدید جواب دیا ہے۔ سیکورٹی ذرائع کے مطابق بلا اشتعال فائرنگ پر پاک فوج کی جانب سے افغان طالبان اور فتنہ الخوارج کو بھرپور اور شدید جواب دیا گیا ہے سیکورٹی ذرائع کا کہنا ہیکہ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 4)

شرم الشیخ: امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ وزیراعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل جنرل سید عاصم منیر کا شکریہ ادا کررہے ہیں

غزہ امن معاہدہ

امریکی صدر کا فیلڈ مارشل جنرل عاصم منیر کا شکریہ

پسندیدہ فیلڈ مارشل قرار دیا

آج غزہ کے عوام کیلئے تاریخی دن ہے کیونکہ انتہائی کوششوں کے بعد امن حاصل کرلیا گیا ہے، یہ کوششیں صدر ٹرمپ کی قیادت میں کی گئیں جو حقیقتاً امن کے علمبردار ہیں، خطاب کے دوران وزیراعظم شہباز شریف نے ڈونلڈ ٹرمپ اور مصری صدر کا امن معاہدہ طے کرانے کی کوششوں پر شکریہ ادا کیا

شرم الشیخ (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ غزہ امن معاہدے پر وزیراعظم شہباز شریف اور اپنے پسندیدہ فیلڈ مارشل عاصم منیر کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ شرم الشیخ امن سربراہی اجلاس میں اسرائیل اور حماس کے درمیان غزہ امن بندی معاہدے پر دستخط کی تقریب کے بعد خطاب کرتے ہوئے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ وزیراعظم شہباز شریف اور اسرائیل اور حماس کے درمیان غزہ امن معاہدے پر دستخط کی کوششوں پر خاص طور پر شکریہ ادا کرتا ہوں۔ ٹرمپ مصر میں شرم الشیخ امن سربراہی اجلاس کے دوران اسرائیل اور (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 5)

اسلام آباد: چیئرمین سینیٹ یوسف رضا گیلانی سے مسلم لیڈ لیڈ کے سیکرٹری جنرل طاقات کررہے ہیں

افغان جارحیت پاکستان کے بجائے اپنے ملک سے متعلق اپوزیشن توجہ کو کریں

وزارت خارجہ

طالبان حکومت اپنی سرزمین دوسرے ملک کے خلاف دہشت گردی کیلئے استعمال نہ ہونے دے، طالبان حکومت بے بنیاد پروپیگنڈا کے بجائے جامع اور حقیقی نمائندہ حکومت کے قیام پر توجہ دے، ترجمان شفقت علی خان

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ترجمان وفاقی وزارت خارجہ نے افغان حکومت کے ترجمان کے بیان پر ردعمل میں کہا کہ پاکستان نے طالبان حکومت سے پاکستان کے داخلی معاملات سے متعلق بیانات کا نوٹس لیا ہے۔ دفتر خارجہ کے ترجمان نے کہا کہ افغان ترجمان پر زور دیتے ہیں کہ وہ (باقی صفحہ نمبر 7 بقیہ 7)

صدر زرداری پاکستان پیپلز پارٹی پارلیمانی گروپ کا ہنگامی اجلاس طلب

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) صدر آصف زرداری نے پیپلز پارٹی پارلیمانی گروپ کا ہنگامی اجلاس طلب کرلیا۔ ذرائع کے مطابق اجلاس آج رات 10 بجے اسلام آباد میں ہوگا۔ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 10)

پاک افغان جھڑپوں کے بعد پاکستانی افواج افغان سرحد پر ہائی الرٹ، تجارت معطل

چمن (مانیٹرنگ ڈیسک) پاک افغان بارڈر پر جھڑپوں کے بعد پاکستان کی افواج افغانستان کے ساتھ سرحد پر ہائی الرٹ پر (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 6)



پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں بڑی کمی کا امکان

مہنگائی کے بوجھ تلے دبے عوام کے لیے ایک اچھی خبر سامنے آئی ہے، کیونکہ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کا امکان ظاہر کیا جارہا ہے۔ ذرائع کے مطابق حکومت آئندہ پندرہ روزہ جائزے میں پیٹرول اور دیگر مصنوعات کی قیمتوں میں نمایاں کمی کرسکتی ہے، جس کا نوٹیفکیشن وزارت خزانہ 15 اکتوبر کو جاری کرے گی۔ نئی قیمتیں 16 اکتوبر 2025 کی رات 12 بجے سے ملک بھر میں نافذ ہوں گی۔

ذرائع کے مطابق پیٹرول کی قیمت میں 6 روپے 10 پیسے فی لیٹر کی امکان ہے، جس کے بعد اس کی نئی قیمت 262 روپے 58 پیسے فی لیٹر تک آسکتی ہے۔ اسی طرح ہائی اسپیڈ ڈیزل کی قیمت میں 97 پیسے کی متوقع ہے، جس کے بعد اس کی نئی قیمت 275 روپے 84 پیسے فی لیٹر ہونے کا امکان ہے۔ مٹی کے تیل کی قیمت میں 2 روپے 75 پیسے اور لائٹ ڈیزل آئل میں 1 روپے 64 پیسے فی لیٹر کی متوقع ہے، جس کے بعد ان کی ممکنہ نئی قیمتیں بالترتیب 182 روپے 22 پیسے اور 163 روپے 86 پیسے فی لیٹر رہ جائیں گی۔

ذرائع کا کہنا ہے کہ عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمتوں میں کمی اور پاکستانی روپے کی ڈالر کے مقابلے میں نسبتاً استحکام کے باعث حکومت کو قیمتوں میں ریلیف دینے کا موقع ملا ہے۔ اس وقت پیٹرول کا ایکس ریفائنری ریٹ 162 روپے 96 پیسے سے کم ہوکر 156 روپے 86 پیسے فی لیٹر ہونے کا امکان ہے، جبکہ ڈیزل کا ایکس ریفائنری ریٹ 174 روپے 28 پیسے سے کم ہوکر 173 روپے 31 پیسے فی لیٹر ہونے کا امکان ظاہر کیا جارہا ہے۔

انڈسٹری ذرائع کے مطابق یہ کمی عالمی مارکیٹ میں ہلکی طلب میں کمی اور قیمتوں کی جزوی اصلاح کا نتیجہ ہے۔ فی الحال پیٹرول کا امپورٹ پریمیم 6.62 ڈالر فی بیرل اور ڈیزل کا 3.20 ڈالر فی بیرل ہے۔ قومی سطح پر پیٹرول پر 80 روپے 52 پیسے فی لیٹر اور ڈیزل پر 79 روپے 51 پیسے فی لیٹر پٹرولیم لیوی اور کاربن سرچارج عائد ہے۔ ان لینڈ فریٹ ایکوالائزیشن مارجن (IFEM) پیٹرول کے لیے 8 روپے 69 پیسے جبکہ ڈیزل کے لیے 6 روپے 19 پیسے فی لیٹر ہے، اور اس جائزے کے دوران کسی قسم کی ایکسچینج ریٹ ایڈجسٹمنٹ شامل نہیں کی گئی۔

ماہرین کا کہنا ہے کہ ممکنہ کمی سے مہنگائی کے دباؤ میں کچھ کمی اور ٹرانسپورٹ و لاجسٹکس کے اخراجات میں کمی متوقع ہے۔ اسی طرح روپے کے استحکام اور عالمی سطح پر تیل کی قیمتوں میں نرمی نے وقتی طور پر صارفین کو ریلیف دینے کی گنجائش پیدا کی ہے۔ وزارت خزانہ پیٹرولیم مصنوعات کی نئی قیمتوں کا باضابطہ اعلان کل کرے گی، جس کے بعد عوام کے لیے پندرہ روزہ نئی قیمتوں کا فارمولا نافذ ہوجائے گا۔

جارحیت کا منہ توڑ جواب دیں گے، وزیر دفاع خواجہ آصف کا دشمن کو سخت پیغام

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاک افغان سرحد پر افغان عبوری حکومت کے بلا اشتعال اور بیرزانہ حملے کے دوران مادر وطن کا دفاع کرتے ہوئے جام شہادت نوش کرنے والے 12 جوانوں کی نماز جنازہ پیکالہ گیریژن راولپنڈی میں سرکاری اعزاز کے ساتھ ادا کردی گئی۔ نماز (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 8)

کراچی سمیت ملک بھر کیلئے بجلی مہنگی کردی گئی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) کراچی سمیت ملک بھر کے لیے بلاک ٹیفول پرائس ایڈجسٹمنٹ کے تحت بجلی مہنگی کردی گئی۔ سہرا نے آئسٹ کے لیے فی کل 8 پیسے فی یونٹ مہنگی کرنے کا نوٹیفکیشن جاری کردیا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق کنزیومر پرائس انڈیکس کے تحت بجلی اضافے کا (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 9)

افغان طالبان کی بلا اشتعال جارحیت کے خلاف پوری قوم متحد

پاک فوج سے اظہار یکجہتی

افغانستان میں موجود دہشت گردوں کو گرفتار کرکے پاکستان کے حوالے کیا جائے، افغانستان اپنی سرزمین کو پاکستان کی مخالفت کے لیے استعمال نہ ہونے دے، افغانستان میں موجود دہشت گرد پناہ گاہوں کیخلاف کارروائی ضروری ہے، ایک غیر مسلم ملک کے ساتھ مل کر اپنے ہی ہم مذہبوں کا خون بہانا افسوسناک عمل ہے، سروے رپورٹ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) افغان طالبان کی بلا اشتعال جارحیت کے خلاف پوری قوم نے متحد ہوکر پاک فوج سے یکجہتی کا اظہار کیا ہے۔ ملک بھر سے عوام نے افغان طالبان کے جارحانہ حملوں کی پرزور مذمت کی اور پاک فوج کے شاندار بشاندہی دفاع کے عزم کا اعادہ کیا۔ شہریوں کا کہنا تھا کہ پاکستان نے ہمیشہ افغان شہریوں کو بھائی مانا ہے اور انہیں ایک بہتر ماحول فراہم کیا ہے۔ دشمن کی ایجاد سے افغانستان کے پاک فوج پر حملوں کی اجازت ہرگز نہیں۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کی عبرتناک شکست کے بعد افغانستان کو اپنی حدود میں رہنا چاہیے 40 سال پناہ دینے کے باوجود اگر افغانستان نے جنگ کی تو بھارت سے بھی سخت جواب دیا جائے گا۔ عوام کے مطابق افغانستان میں موجود دہشت گردوں کو گرفتار کرکے پاکستان کے حوالے کیا جائے، افغانستان اپنی سرزمین کو پاکستان کی مخالفت کے لیے استعمال نہ ہونے دے، افغانستان میں موجود دہشت گرد پناہ گاہوں کے خلاف کارروائی ضروری ہے، ایک غیر مسلم ملک کے ساتھ مل کر اپنے ہی ہم مذہبوں کا خون بہانا افسوسناک عمل ہے۔



ملک دشمن عناصر کا مقصد پاکستان کو نقصان پہنچانا اور تقسیم کرنا ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (بیورو رپورٹ) وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ سیکیورٹی فورسز ایسے علاقوں میں کارروائیاں کررہی ہیں جہاں دشمن اور دوست کی پہچان مشکل ہے۔ کوئٹہ میں 17 ویں بلوچستان ورکشاپ پلوچستان کے شرکا سے خطاب کرتے ہوئے سرفراز بگٹی نے کہا کہ واضح دشمن کے خلاف کارروائی آسان، اندرونی صفوں میں موجود دشمن سے نمٹنا مشکل ہے۔ دہشت گردی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 12)



پشاور ہائیکورٹ کا گورنر خیبر پختونخوا کو منتخب وزیراعلیٰ سے حلف لینے کا حکم

پشاور (بیورو رپورٹ) پشاور ہائیکورٹ نے خیبر پختونخوا کے نئے وزیراعلیٰ سہیل آفریدی کی حلف برداری میں تاخیر سے متعلق پی ٹی آئی کی آرٹیکل 255 کے تحت دائر آئینی درخواست پر مختصر فیصلہ سناتے ہوئے گورنر خیبر پختونخوا کو منتخب وزیراعلیٰ سے کل 4 بجے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 13)

عوام کو بروقت ریلیف کی فراہمی اولین ترجیحات میں شامل ہے، گورنر سندھ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) گورنر سندھ کامران ٹیسوری نے 13 میں سے 11 کمیشنر کے فیصلے سنادیے جبکہ 2 درخواستوں پر فیصلہ محفوظ کرلیا۔ محتسب اعلیٰ سندھ کے فیصلوں کے خلاف درخواستوں پر گورنر سندھ نے اپیلیٹ اتھارٹی کی حیثیت سے سماعت کی۔ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 11)

سوات، شرپسند عناصر کی پولیو ٹیم پر فائرنگ سے لیویز اہلکار شہید

سوات (بیورو رپورٹ) سوات میں پولیو ٹیم پر فائرنگ کے نتیجے میں ڈیوٹی پر تعینات لیویز اہلکار عبدالکریم شہید ہوگئے۔تفصیلات کے مطابق سوات کی تحصیل سمہ کے دور دراز علاقہ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 47)

ڈی ایس پی سرمد سعید رضوی کے گھر چھاپہ، کروڑوں کا سونا برآمد



عدنان وغیرہ ملکی کرنسی برآمد

بخش گاڑیاں عوام کو کچلنے کے لیے بھی چلائی گئیں، موقع پر موجود شرپسند عناصر نے پولیس پر پتھر، پیٹرول بم اور کیلوں والے ڈنڈوں سے منظم حملے کیے، متعدد مقامات سے اندھا دھند فائرنگ بھی ریکارڈ کی گئی، عینی شاہدین

لاہور (بیورو رپورٹ) لاہور میں پولیس نے ڈی ایس پی سرمد سعید رضوی کے گھر پر چھاپے میں برآمدگی کی تفصیل جاری کردی۔ پنجاب پولیس کے مطابق چھاپے کے دوران کروڑوں روپے نقد اور زیورات برآمد ہوئے ہیں۔ سعد رضوی کے گھر سے 11 کلو 44 لاکھ کی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 45)

سونے کی عالمی اور مقامی مارکیٹوں میں قیمتوں میں اچانک بڑا اضافہ

عالمی مارکیٹ میں سونا 69 ڈالر فی اونس اور مقامی سطح پر 6900 روپے فی تولہ مہنگا ہوگیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سونے کی عالمی اور مقامی سطح پر قیمتوں میں اچانک بڑا اضافہ ہوگیا۔ بین الاقوامی مالیین مارکیٹ میں منگل کے روز فی اونس سونے کی قیمت میں (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 43)

اکم ٹیکس ریٹرن کی تاریخ میں توسیع کی جائے، ایف پی سی سی آئی کا مطالبہ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری (ایف پی سی سی آئی) نے ایف بی آر سے مطالبہ کیا ہے کہ انکم ٹیکس ریٹرن جمع کروانے کی آخری تاریخ میں توسیع کی جائے تاکہ ٹیکس دہندگان کو درپیش عملی مسائل کا حل نکل سکے۔ ایف پی سی سی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 44)

بلوچستان کے وزیر علی حسن بروہی کیخلاف میڈیا کمپین، صحافیوں اور دیگر کیخلاف پیکا ایکٹ کے تحت مقدمہ درج

ملزمان نے یوٹیوب پروگرام ''سسٹم'' کے ذریعے صوبائی وزیر علی حسن بروہی کے خلاف منفی میڈیا کمپین چلائی جو ایک سنگین جرم ہے، ایف آئی آر کا متن

حب (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان کے وزیر علی حسن بروہی کی تیجر کی مذمت (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 42)

واسیوی ایشن میں غیر فعال ممبران کی رکنیت ختم کردی جائے گی، ڈیفنس ریزیڈنسی کے اجلاس میں فیصلہ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ڈیفنس ریزیڈنسی ریڈیسٹس ویلفیئر ایسوسی ایشن (ڈیرا) کا ایک ہنگامی اجلاس جنرل سیکریٹری محمد شفیق کھوکر کے صدر غلام رسول شاہ کی صدارت میں ایسوسی ایشن کے دفتر میں منعقد کیا جس میں تمام (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 41)

ڈیرہ مراد جمالی، سیکورٹی فورسز کی گاڑی پر نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ 2 اہلکار زخمی

ڈیرہ مراد جمالی (بیورو رپورٹ) بھی قومی شاہراہ بختیار آباد اور صحافی شہر کے قریب دوران گشت سیکورٹی فورسز کی گاڑی پر نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ دو سیکیورٹی اہلکاروں کے زخمی ہونے کی اطلاع واقعہ کے بعد سیکیورٹی فورسز نے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 40)

کراچی کی ترقی کے لیے بلاتفریق اقدامات، نیو کراچی کے میونسپل کمشنر معطل

کراچی (رپورٹ ہارون انصاری) وزیر بلدیات و ہاؤسنگ و ٹاؤن پلاننگ سندھ ضامن حسین شاہ نے کہا ہے کہ چیئرمین بلاول بھٹو کے وژن اور وزیر اعلیٰ سندھ کی ہدایات کے مطابق (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 39)

شہریوں کیلئے اہم خبر، ٹریفک پولیس کا سختیاں بڑھانے کا اعلان

بمبئی کرکشم کم فور ٹائر نہیں چلائیں گے، جبکہ پانچ سے زائد مسافر سفر کرنے پر پابندی ہوگی، فیصلہ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی ٹریفک پولیس نے بمبئی کرکشم کم (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 15)

کراچی: وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

کراچی، ناظم آباد سے کار سوار ملزم گرفتار، 50 کلو آئس برآمد

ملزم کی گاڑی بھی قبضے میں لے لی گئی اور مقدمہ درج کر کے ملزم سے تفتیش جاری

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی کے علاقے ناظم آباد میں کار سوار کو گرفتار کر کے 50 کلو گرام آئس برآمد (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 16)

کراچی، شاہ لطیف میں موٹر سائیکلوں میں تصادم، ایک شخص جاں بحق

جاں بحق ہونے والے موٹر سائیکل سوار کی شناخت 23 سالہ وشال کے نام سے ہوئی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) شہر قائد کے علاقے شاہ لطیف عبداللہ گوٹھ کے قریب دو موٹر سائیکلوں میں تصادم کے نتیجے میں ایک شخص جاں بحق دوسرا زخمی ہوگیا۔تحقیقات کے مطابق (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 17)

کراچی: وفاقی وزیر ملیات ناصر حسین شاہ سے امیر جماعت اسلامی منعم ظفر خان وفد کے ہمراہ ملاقات کر رہے ہیں

سندھ ہائیکورٹ کا کراچی چڑیا گھر سے مادہ ریچھ کو اسلام آباد منتقل کرنے کا حکم

رانو سات برس سے ایک جگہ قید، اسکے سر میں کیڑے پڑ چکے ہیں، درخواست گزار

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ ہائیکورٹ نے انتظامات سے متعلق درخواست پر ڈپٹی کمشنر کو 2 روز میں رانو کو اسلام آباد منتقل کرنے کا حکم (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 20)

حماس نے 20 یرغمالیوں کی رہائی کے بعد 4 مغویوں کی لاشیں بھی اسرائیل کے حوالے کردیں

ہم قید خانے میں نہیں بلکہ مذبح خانے میں قید تھے، رہائی پانے والے فلسطینی

ہمیں کھانے کے لیے وہاں بس مار کھلائی جاتی تھی، وہاں ہر چیز بری تھی، کھانے کے لیے کچھ نہیں دیتے تھے، انہوں نے گزشتہ 4 روز سے کچھ نہیں کھایا ہے، ماسر ابو عمارہ

سعید شیر کا کہنا تھا کہ آزادی ملنے کے بعد میں اپنے جذبات کا نہیں سنبھال سکا۔ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 28)

قیدیوں نے بتایا کہ اسرائیلی جیل کے حالات بہت برے تھے۔ اسرائیلی قید سے رہائی پانے والے قیدی

میں نہیں بلکہ مذبح خانے میں قید تھے۔ عرب میڈیا کے مطابق اسرائیلی جیل سے رہائی پانے والے

غزہ: حماس کی جانب سے ہلاک یرغمالیوں کی لاشیں اسرائیل کے حوالے کی جارہی ہیں

سرکاری افسران کے اثاثے ڈیکلیریشن میکنزم پر آئی ایم ایف کی تشویش

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) آئی ایم ایف نے وفاقی اور صوبوں میں سرکاری افسران کے اثاثے ڈیکلیریشن کرنے کا جامع میکنزم بنانے کا مطالبہ کیا ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ عالمی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 22)

تعلیم میں اصلاحات حکومت کی اولین ترجیح ہیں، کیونکہ طلبہ کے مستقبل میں سرمایہ کاری دراصل سندھ کی ترقی اور خوشحالی کی ضمانت ہے، تعلیمی نظام کی بہتری میں تمام اسٹیک ہولڈرز کی شمولیت ناگزیر ہے، سید مراد علی شاہ

وزیر اعلیٰ سندھ کا سٹوڈنٹ لائف اینڈ لرننگ مانیٹرنگ سسٹم متعارف کرانے کا اعلان

سندھ تعلیم کے شعبے میں نیا قدم

سسٹم (SAMRS) سے تحقیق اہم اجلاس ہوا، جس میں وزیر تعلیم سید سردار شاہ، چیف سیکریٹری سید آصف حیدر شاہ، چیئرمین پی ایف ڈی محمد شاہ، سیکریٹری اسکول ایجوکیشن (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 23)

اسٹریٹ کرائم کے خلاف کارروائیاں، 2 زخمی ڈاکوؤں سمیت 7 ملزمان گرفتار

ملزمان کے قبضے سے اسلحہ، موبائل فونز اور دیگر مسروقہ سامان بھی برآمد ہوئی، پولیس کارروائیاں کرتے ہوئے دو زخمی ڈاکوؤں سمیت مجرمی طور پر 7 ملزمان کو (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 24)

کراچی (اسٹاف رپورٹر) شہر قائد میں پولیس نے اسٹریٹ کرائم میں ملوث عناصر کے خلاف

ڈاکٹر عاصم کیخلاف مبینہ کرپشن کے ریفرنسز سے متعلق کیس ایف آئی اے منتقل نہ ہونے کیخلاف درخواست کی سماعت ملتوی

ریفرنس دائر ہونے کے باوجود 9 سال سے التوا کا شکار ہیں، ڈاکٹر عاصم حسین سمیت ملزمان کیخلاف کارروائی نہیں ہورہی، تمام ملزمان کیخلاف فوری ٹرائل کا آغاز کیا جائے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ ہائی کورٹ نے ڈاکٹر عاصم حسین و دیگر (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 25)

کراچی میں رینجرز کی کارروائی، اسٹریٹ کرائم میں ملوث ملزم گرفتار

کراچی (رپورٹ عامر صابر) پاکستان رینجرز (سندھ) نے اسٹریٹ کرائم کے خلاف آپریشن کے دوران کراچی کے علاقے طیبہ سوسائٹی سے ڈکیتی اور اسٹریٹ کرائم میں (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 26)

کراچی: کورکمانڈر سندھ کامران خان بیسوری رائس ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

ایسا نہ ہو کہ اسرائیل کی طرف سے سیز فائر بھی توڑ جائے، بلاول بھٹو

پاکستان، جو مسلمان اور پاکستانی غزہ کے لوگوں کے شانہ بشانہ ہے، غزہ میں تاریخی انسانی نسل کشی دنیا نے دیکھی ہے، وہاں نا صرف بچوں بلکہ صحافیوں کی نسل کشی بھی کی گئی، 2 سال سے ہم فلسطینی عوام کی نسل کشی دیکھ رہے ہیں، چیئرمین پیپلز پارٹی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری کا کہنا ہے کہ کل ایک ماہ بعد کیئے گئے سیز فائر کو ایک سال (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 38)

افغان قیادت معاملات کو افہام و تفہیم کیساتھ حل کرنے کی خواہشمند ہے، فضل الرحمٰن

قیادت پاکستان کے ساتھ معاملات کو افہام و تفہیم سے حل کرنے کی خواہشمند (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 37)

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سربراہ جمعیت علماء اسلام (ف) (مولانا فضل الرحمٰن) نے کہا ہے کہ افغان

گزشتہ 5 سال میں حکومت کے ڈومیسٹک قرضے میں 28 ہزار ارب روپے سے زائد اضافہ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) گزشتہ پانچ سال میں حکومت کے ڈومیسٹک قرضے میں 28 ہزار ارب روپے سے زائد اضافہ ریکارڈ کیا گیا، حکومت کا اندرونی قرضہ 54 ہزار 471 ارب روپے تک پہنچ گیا ہے۔ دستاویز کے مطابق جون 2021 میں اندرونی قرضہ 26 ہزار 265 ارب روپے تھا، جون 2025 میں قرضوں کی اصل رقم کی ادائیگی 25 ہزار 9 ارب روپے رہی۔

تھر پارکر کی لجھی اسکن بیماری پھیلنے سے درجنوں مویشی ہلاک

تھر (اسٹاف رپورٹر) سندھ کے ضلع تھرپارکر میں لجھی اسکن بیماری پھیلنے سے درجنوں مویشی ہلاک ہوگئے۔ اس کے علاوہ سیکڑوں مویشی لجھی اسکن بیماری میں بھی مبتلا ہیں۔ ضلع میں 230 میں سے 180 ویٹرنری مراکز کی بندش کی وجہ سے متاثرہ مویشیوں کا علاج مشکل ہوگیا ہے۔ علاوہ ازیں مویشیوں کی پیچیدگی عدم دستیابی کی بھی شکایات سامنے آئی ہیں جس سے مویشی مالکان پریشان ہیں۔

سندھ کی 33 شوگر ملز کو نوٹس جاری، یکم نومبر سے کرشنگ کا آغاز لازمی قرار

آباد گاروں کو گنے کی قیمت کی بروقت ادائیگی ہر صورت یقینی بنائی جائے گی، حال ہی میں ہونیوالی بارشوں کے باعث سندھ میں گنے کی فصل اچھی حالت میں ہے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کمیں کشمنر سندھ نے صوبے بھر کی 33 شوگر ملوں کو حفظ ہدایات جاری کرتے ہوئے یکم نومبر سے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 3)

آکسفورڈ یونیورسٹی کے دوستوں کیساتھ ویڈکا نشہ کیا تو گویا لندن سے سوات پہنچ گئی تھی، ملالہ

دوست انیسہ نے اسپتال جانے سے منع کیا کہ خون میں نشے کا اثر باقی رہتا ہے، وہ ساری رات اس ڈر سے نہیں سوئی کہ دوبارہ شاید زندہ اٹھ ہی نہ سکے

لندن (مانیٹرنگ ڈیسک) ملالہ یوسفزئی کا کہنا ہے کہ آکسفورڈ یونیورسٹی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 36)

ایف بی آر سے ٹیکس ریٹرن کی تاریخ 30 نومبر تک بڑھانے کا مطالبہ

ٹیکس ریٹرن تاریخ میں توسیع سے ٹیکس دہندگان کو قانونی ذمہ داریاں پوری کرنے میں مدد ملے گی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان سیمیکنڈکٹر ایسوسی ایشن (پی ایس ایف) نے ایف بی آر سے ٹیکس ریٹرن تاریخ میں توسیع کا مطالبہ کیا ہے۔ ایسوسی ایشن کا کہنا ہے کہ پاکستان کو درپیش معاشی چیلنجز کے پیش نظر ٹیکس دہندگان کو قانونی ذمہ داریاں پوری کرنے میں مدد ملے گی۔

بنگلہ دیشی خواتین کرکٹرز نے برقع پہن کر ورلڈ کپ کا میچ کھیلا؟

بنگلہ دیشی کھلاڑی اسلامی ہدایات کے مطابق کھیل رہی ہیں، ماشاءاللہ

بھارتی جریدے کی تصویر کا سچ جاننے کیلئے تحقیق کہ یہ تصویر اصلی ہے یا نہیں؟

ڈھاکہ (مانیٹرنگ ڈیسک) ٹیزی لینڈ نے آئی سی سی ویمنز ورلڈ کپ میں بنگلہ دیش کو 100 رنز سے شکست دی۔ تاہم اس دوران ایک تصویر سوشل میڈیا پر وائرل ہوئی، جس میں (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 35)

لاہور ٹیسٹ، تیسرے دن 16 وکٹیں گر گئیں، جنوبی افریقا 277 کے ہدف کے تعاقب میں

تیسرے دن پاکستان کی ٹیم پہلی اننگز کی 109 رنز کے برتری کے باوجود دوسری اننگز میں خاطر خواہ پرفارمنس نہ دے سکی اور 167 رنز پر ڈھیر ہوگئی

لاہور (اسپورٹس ڈیسک) پاکستان اور جنوبی افریقا کے درمیان سیریز کے پہلے ٹیسٹ میچ کے تیسرے دن مجموعی طور پر 16 وکٹیں گر گئیں۔ متوالی اسٹیڈیم لاہور میں جاری ٹیسٹ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 31)

کمپٹیشن کمیشن، ریٹ فکسنگ پر 2 ٹرانسپورٹ ایسوسی ایشنز پر بھاری جرمانے

جرمانہ ادا نہ کرنے پر روزانہ دس ہزار روپے اضافی جرمانہ عائد ہوگا، ایسوسی ایشنز کو 30 دن میں جرمانہ جمع کرانے کی ہدایت

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کمپٹیشن کمیشن نے دو ٹرانسپورٹ ایسوسی ایشنز پر فریٹ ریٹ فکسنگ پر جرمانہ عائد کردیا۔ ٹرانسپورٹرز آف گڈز ایسوسی ایشن اور لوکل گڈز ٹرانسپورٹ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 32)

سندھ حکومت 80 ایکڑ پر خصوصی افراد کا شہر قائم کررہی ہے، فہمی سعید

خصوصی افراد کی خدمات ریاست کی اولین ذمہ داری ہے

سندھ حکومت جو کچھ خصوصی افراد کے لیے کررہی ہے، وہ کسی احسان کے طور پر نہیں بلکہ ان کا حق ہے، پرائیویٹ سیکٹر کا رویہ کے لیے آتا ہے، لیکن اگر خصوصی افراد اپنی صلاحیتیں اجاگر کریں تو نجی ادارے بھی انہیں ملازمتیں دینے پر مجبور ہونگے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سوشل ورزمنسٹ، افراد کی قوت اور سماجی تحفظ سندھ سعید فہمی نے کہا ہے کہ ریاست کی بنیادی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 27)

وزیر خزانہ کی واشنگٹن میں اہم ملاقاتیں، پاک امریکا تجارتی تعلقات میں نئی پیشرفت

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے واشنگٹن میں آئی ایم ایف اور ورلڈ بینک کے سالانہ اجلاسوں میں شرکت کے دوران امریکی حکام اور بین (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 29)

ایف آئی اے کو رابعہ اظہر کی بیرون ملک سفری کی اجازت دینے کی درخواست پر فیصلہ کرنے کا حکم

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ ہائی کورٹ نے ڈی جی ایف آئی اے کو پی آئی اے کراچی کے صدر رابعہ اظہر کی بیرون ملک سفری اجازت دینے کی درخواست پر فیصلہ کرنے کا حکم دے دیا۔ سندھ ہائیکورٹ میں پی آئی اے کراچی کے صدر رابعہ اظہر کو بیرون ملک سفر سے روکنے کیخلاف درخواست کی سماعت ہوئی۔ حکام نے بتایا کہ سٹاپ لسٹ کو فالتی لسٹ میں نام شامل کرنے کا تمام اختیار ایف آئی اے کا ہے۔

چین کا عالمی تجارتی تنظیم میں خصوصی رعایتیں نہ لینے کا اعلان

بیجنگ (مانیٹرنگ ڈیسک) چین نے عالمی تجارتی تنظیم (WTO) میں مستقبل میں خصوصی رعایتیں نہ لینے اور مساوی شرائط پر مذاکرات کرنے کا اعلان کردیا۔ چینی وزیر اعظم کے مطابق چین اب ترقی یافتہ ممالک کی طرح برابری کی بنیاد پر تجارتی مذاکرات کرے گا۔ بین الاقوامی خبر ایجنسی کے مطابق یہ فیصلہ بظاہر معمولی مگر درحقیقت عالمی تجارتی نظام پر دور رس اثرات ڈالے گا۔

محبوبہ مفتی نے مودی اور بی جے پی کا چہرہ بے نقاب کردیا

ایک طرف زیر مودی کی حکومت افغان طالبان سے تعلقات مضبوط کررہی ہے اور افغانستان کی تعمیر نو کیلیے امداد و تعلیمی وظائف دے رہی ہے، سابق وزیر اعلیٰ

سرینگر (مانیٹرنگ ڈیسک) سابق وزیر اعلیٰ جموں و کشمیر محبوبہ مفتی نے بھارتی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 30)

کراچی: پاکستان رینجرز سندھ کے ایلکار مختلف علاقوں میں جرائم پیشہ عناصر کیخلاف الرٹ ہیں، دوسری جانب گرفتار ملزم

کراچی: چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری سیکرٹر رخسانہ رضا رہائی کی کتاب کی تقریب رونمائی سے خطاب کر رہے ہیں

روزنامہ تشکر کراچی نیوز
چیف ایڈیٹر پبلشر علی منصور
چیف ایڈیٹر پبلشر علی منصور اور ارض وطن گروپ نے محمدی پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر سن رپورٹ پبلی کیشنز III-B-1/3، فرسٹ فلور آفس نمبر 103 ناظم آباد نمبر 3 سے شائع کیا۔
فون نمبر: 0324-9215059، roznamatashakur786@gmail.com

غیر قانونی تعمیرات کے خلاف فیصلہ کن کریک ڈاؤن!

متعدد عمارتوں کو تعمیر نہ ہونے پر ایوارڈ پروجیکٹس سیل

نارتھ کراچی، گلبہار، عثمانیہ سی ایچ ایس اور رضویہ سوسائٹی میں بھی غیر قانونی آر سی سی چھتیں اور دیواریں گرائی گئیں، بعض علاقوں امن وامان کی صورتحال کے باعث کارروائی وقتی طور پر ملتوی کی گئی۔ ڈسٹرکٹ ساؤتھ میں صدر کے غلام حسین قاسم کارنر اور بیاری کے بوتھ چوک پر بھی غیر قانونی تعمیرات کو منہدم اور مقامات کو سیل کردیا گیا۔ ڈسٹرکٹ ایسٹ میں پی ای سی ایچ ایس اور پی آئی بی میں ایس ایچ او کی غیر قانونی عمارتوں کی تیسری منزل گرادی گئی۔ یہ تمام کارروائیاں ڈائریکٹر ڈیمولیشن ریحان خان کی نگرانی میں، متعلقہ ڈپٹی اسسٹنٹ ڈائریکٹرز اور پولیس کی موجودگی میں عمل میں لائی گئیں۔ ڈائریکٹر جنرل ایس ایف اے مرتضیٰ



کراچی (اسٹاف رپورٹر) ڈائریکٹر جنرل سندھ بلڈنگ کنٹرول اتھارٹی SBCA مرتضیٰ حسین باچوپلو کی ہدایت پر غیر قانونی تعمیرات کے خلاف بڑے پیمانے پر کریک ڈاؤن کیا گیا۔ ترجمان ایس ایف اے کے مطابق کارروائیاں غیر ریاقت آباد، ناظم آباد، فیڈرل بی ایریا، ساتھ اور ایسٹ سمیت مختلف اضلاع میں کی گئیں۔ کارروائی کے دوران ملیر میں غیر قانونی بالنگ پروفیشنل انٹرمیڈیٹ کالج، گرسٹ فارم ہاس کو سیل کردیا گیا۔ ریاقت آباد، ناظم آباد اور فیڈرل بی ایریا میں 15 سے زائد غیر قانونی تعمیرات، اضافی منزلیں، دکانیں اور پارٹیشن دیواریں مسمار کردی گئیں۔ ترجمان کے مطابق نارتھ کراچی، گلبہار، عثمانیہ سی ایچ ایس اور رضویہ سوسائٹی میں بھی غیر قانونی آر سی سی چھتیں اور دیواریں گرائی گئیں، بعض علاقوں میں مزاحمت اور امن وامان کی صورتحال کے باعث کارروائی وقتی طور پر ملتوی کی گئی۔ ڈسٹرکٹ ساؤتھ میں صدر کے غلام حسین قاسم کارنر اور بیاری کے بوتھ چوک پر بھی غیر قانونی تعمیرات کو منہدم اور مقامات کو سیل کردیا گیا۔ ڈسٹرکٹ ایسٹ میں پی ای سی ایچ ایس اور پی آئی بی میں ایس ایچ او کی غیر قانونی عمارتوں کی تیسری منزل گرادی گئی۔ ترجمان کے مطابق نارتھ کراچی، گلبہار، عثمانیہ سی ایچ ایس اور رضویہ سوسائٹی میں بھی غیر قانونی آر سی سی چھتیں اور دیواریں گرائی گئیں۔ یہ تمام کارروائیاں ڈائریکٹر ڈیمولیشن ریحان خان کی نگرانی میں، متعلقہ ڈپٹی اسسٹنٹ ڈائریکٹرز اور پولیس کی موجودگی میں عمل میں لائی گئیں۔ ڈائریکٹر جنرل ایس ایف اے مرتضیٰ باچوپلو نے واضح کیا کہ غیر قانونی تعمیرات کے خلاف کارروائی جاری رہے گی اور کسی بھی دباؤ کو خاطر میں نہیں لایا جائے گا۔

واٹر کارپوریشن نے نارتھ ایسٹ پمپنگ اسٹیشن پر K-III لائن کی مرمت کا کام شروع کردیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ترجمان واٹر کارپوریشن نے اپنے جاری کردہ ایک اعلامیہ میں بتایا کہ کے نارتھ ایسٹ پمپنگ اسٹیشن پر K-III کی 48 قطر والی رائزنگ مین لائن میں پانی کے رساؤ کا معاملہ سامنے آیا ہے، جس کے باعث واٹر کارپوریشن نے بنگالی بنیادوں پر مرمتی کام کا آغاز کردیا ہے۔ ترجمان کے مطابق K-III پمپنگ اسٹیشن کی 48 قطر والی مرکزی پانی کی لائن کی مرمت کے دوران حفاظتی والو بھی تبدیل کیا جائے گا۔ مرمتی کام 24 گھنٹے کی مسلسل شفٹوں میں جاری رہے گا تاکہ شہریوں کو کم سے کم تکلیف ہو اور لائن جلد از جلد بحال کی جاسکے۔ ترجمان نے بتایا کہ مرمتی کام 48 گھنٹوں کے اندر مکمل کرنے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ مرمتی سرگرمیوں کے باعث نارتھ ایسٹ پمپنگ اسٹیشن کے 11 سے 3 پمپس کو عارضی طور پر بند کیا گیا ہے جبکہ دھانکی پمپنگ اسٹیشن پر بھی ایک پمپ مرمتی ضرورت کے باعث عارضی طور پر بند رکھا گیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ مرمتی کام کے دوران صفورہ ٹانی، نارتھ ناظم آباد، گلبرگ، ثمان لیاقت آباد مانی اور گلشن اقبال کے بعض علاقوں میں مرمتی کام کا آغاز کردیا ہے۔ ترجمان کے مطابق K-III پمپنگ اسٹیشن کی 48 قطر والی مرکزی پانی کی لائن کی مرمت کے دوران حفاظتی والو بھی تبدیل کیا جائے گا۔ مرمتی کام 24 گھنٹے کی مسلسل شفٹوں میں جاری رہے گا تاکہ شہریوں کو کم سے کم تکلیف ہو اور لائن جلد از جلد بحال کی جاسکے۔ ترجمان نے بتایا کہ مرمتی کام کو 48 گھنٹوں کے اندر مکمل کرنے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ مرمتی سرگرمیوں کے باعث نارتھ ایسٹ پمپنگ اسٹیشن کے 11 میں شہریوں کو زیادہ پریشانی کا سامنا کرنا پڑے گا۔

ڈپٹی کمشنر وسطی طٰہٰ اسلیم کا انسداد پولیو مہم کا ہنگامی دورہ، انکاری والدین کو قائل کرلیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ڈپٹی کمشنر ضلع وسطی طٰہٰ اسلیم نے انسداد پولیو مہم کے جائزے کے لیے گلبرگ ٹوؤن کے مختلف علاقوں کا ہنگامی دورہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے پولیو ورکرز اور افسران کے ہمراہ مہم کے انتظامات اور عوامی تعاون کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر طٰہٰ اسلیم نے ان گھروں کا بھی دورہ کیا جہاں بچوں کو پولیو کے قطرے پلائے جا چکے تھے، والدین سے گفتگو کی اور تعاون پر ان کا شکریہ ادا کیا۔ بعد ازاں انہوں نے ان والدین سے بھی ملاقات کی جو پولیو کے قطرے پلانے سے انکاری تھے۔ طٰہٰ اسلیم نے والدین کو پولیو کے نقصانات اور قطرے پلانے کے فوائد سے آگاہ کیا، جس کے بعد والدین نے رضاکارانہ طور پر اپنے بچوں کو پولیو کے قطرے پلائے۔ ڈپٹی کمشنر کا کہنا تھا کہ 13 تا 19 اکتوبر تک جاری رہنے والی مہم کے دوران تمام ڈویژنز کے اسسٹنٹ کمشنرز، پولیو ورکرز اور DEO افسران کا مسلسل رابطہ برقرار رکھا جا رہا ہے۔ انہوں نے یقین دلایا کہ ضلع وسطی میں کوئی بچہ پولیو کے قطرے پینے سے محروم نہیں رہے گا۔ طٰہٰ اسلیم نے پولیو ٹیموں کی محنت اور لگن کو سراہتے ہوئے کہا کہ پولیو ورکرز حقیقی معنوں میں فرنٹ لائن ہیروز ہیں جو معاشرے کو اس مہلک مرض سے محفوظ بنانے کے لیے کوشاں کردار ادا کر رہے ہیں۔



نارتھ ناظم آباد پولیس کی کارروائی، کار لفٹر گرفتار چوری شدہ گاڑی برآمد

